# 12 مئی کو اپوزیشن جماعتوں ک جانب سے فائرنگ، جلاؤ گھیراؤ کے واقعات پرمبنی ویڈیو ریکارڈ جاری کردی گئی

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی نائن زیرو پر پریس کانفرنس

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔19رمئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ نے 12 مئی کو ہونے والی خون ریزی کے پس پشت ملک وسماج دشمن عناصر کو بے نقاب کرتے ہوئے حقائق پرمبنی ویڈیو ریکارڈنگ ''کڑوا سچ'' کے عنوان سے جاری کردی ہے جس میں 12 مئی کو شہر کے شورش زدہ علاقوں میں اپوزیشن جماعتوں پیپلز پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی اور اسلامی جمعیت طلبہ کے رہنماؤں اور کارکنوں کو سرِ عام مہلک آتشیں اسلحہ کے آزادانہ استعمال، سرکاری ونجی املاک کی توڑ پھوڑ اور پرامن شہریوں پر تشدد اور فائرنگ کرتے ہوئے واضح طور پر دکھایا گیا ہے۔ ہفتہ کو ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی آنسہ ممتاز انوار، شاہد لطیف، اشفاق منگی، حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 مئی کو ہونے والے اندوہناک سانحہ پر ہر قانون پسند اور پرامن شہری کی آنکھ اشکبار ہے تاہم بدقسمتی سے مختلف ذرائع سے عوام کو تصویر کا ایک رخ ہی دکھایا گیا جبکہ اصل حقائق اور تصویر کا دوسرا رخ کچھ اور ہی ہے جسے عوام تک پہنچانا ضروری ہوگیا تھا اس کیلئے ایم کیو ایم کے میڈیا سیل نے مختلف ذرائع سے شہر کے فساد زدہ علاقوں میں ہنگامہ آرائی کرنے والے عناصر کی ویڈیو حاصل کی جو کئی گھنٹوں پر محیط ہے اور جسے مختصر کرکے چند منٹوں کی ایک ویڈیو میڈیا کے توسط سے عوام کے سامنے پیش کی جارہی ہے۔ اس موقع پر پریس کانفرنس کے دوران مذکورہ ویڈیو ریکارڈنگ کے وحشت ناک مناظر صحافیوں کو دکھائے گئے اور بعدازاں ٹی وی چینلز اور پرنٹ میڈیا کو اس ویڈیو کی کاپیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ ویڈیو میں دکھایا گیا ہے کہ ایم کیو ایم کی ریلی میں شامل ہزاروں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں پر مشتمل قافلہ جب گرومندر کے علاقے سے گزر رہا تھا تو اچانک حق پرستی کے دشمنوں نے کئی مقامات سے بیک وقت فائرنگ شروع کردی جس کے ساتھ ہی ریلی میں شامل لوگ اپنی جان بچانے کیلئے محفوظ مقامات کی طرف بھاگنے لگے۔ اس فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن بابر چنگیزی شہید ہوگئے۔ رابطہ کمیٹی نے اس ویڈیو کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ ایم کیو ایم پر جو الزام ڈالا جاتا رہا یہ ویڈیو ثابت کرتا ہے کہ فائرنگ کرنے کے واقعات میں کوئی اور ہی لوگ ملوث ہیں کیونکہ کوئی بھی جماعت اپنے ہی کارکنوں، ووٹروں، ہمدردوں اور شہریوں پر کبھی بھی اور کسی حال میں بھی اس طرح کی ظالمانہ حرکت نہیں کرسکتی۔ ویڈیو میں مزید دکھایا گیا کہ شاہراہ فیصل پر ڈرگ روڈ فلائی اوور کے نیچے ایک سفید رنگ کی جیپ نمبر BD=-1820 کی ڈرائیونگ سیٹ پر پیپلز پارٹی کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی شیریں رحمان اور ان کے ساتھ سید نوید قمر بیٹھے نظر آئے جن کے ہمراہ مسلح افراد گاڑیوں کی کھڑیوں پر بیٹھے پرامن شہریوں پر سرعام فائرنگ کررہے تھے اور انہی کے لوگ اپنی پارٹی کے جھنڈے اٹھائے ایم کیو ایم کی ریلی میں جانے والے شہریوں کی گاڑیوں پر فائرنگ، پتھراؤ کے بعد ان کی گاڑیوں کو آگ لگاتے نظر آئے۔ اس فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے رکن اسلم پرویز شہید ہوگئے جنہیں پیپلز پارٹی کے لوگ ابتداء میں اپنا کارکن بتاتے رہے۔ رابطہ کمیٹی کے مطابق مذکورہ جیپ سید ندیم حسین ولد سید شاہد حسین کے نام پر رجسٹرڈ ہے جو شیریں رحمان کے موجودہ شوہر ہیں اور ان کی رہائش F49، اولڈ کلفٹن کراچی ہے اور یہی ایڈریس شیریں رحمان کے قومی اسمبلی کے ریکارڈ میں بھی موجود ہے۔ ویڈیو میں مزید دکھایا گیا ہے کہ شاہراہ فیصل پر واضح عائشہ باہوانی اسکول سے متصل علاقے بزرٹا لائن میں موجود پرامن شہریوں پر پیپلز پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کے جھنڈے اٹھائے مسلح افراد نہایت تربیت یافتہ انداز میں اندھا دھند فائرنگ کررہے ہیں اور اس موقع پر ان عناصر کے منہ سے ایم کیو ایم کے رہنماؤں اور حق پرستی کی تحریک کے خلاف مغلظات بکنے کا سلسلہ بھی جاری رہا جس کی ریکارڈنگ ویڈیو میں واضح طور پر سنائی دی۔ ویڈیو کے مطابق جناح اسپتال میں جب ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے کارکن اسلم پرویز شہید کی میت پہنچائی گئی تو وہاں پر موجود اے این پی اور پیپلز پارٹی کے لوگوں نے ایمبولینس کے ساتھ موجود ایم کیو ایم کے کارکنوں کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور میت کو یرغمال بنایا تاکہ مرنے والے کو اپنا کارکن ظاہر کیا جاسکے، ویڈیو میں صاف طور پر شر پسند عناصر کی قیادت پیپلز پارٹی کے سیکریٹری اطلاعات سعید غنی کرتے نظر آئے جبکہ اسی مقام پر اسلامی جمعیت طلبہ کے درجنوں کارکنان ہاتھوں میں جھنڈے اور اسلحہ اٹھائے وہاں سیکورٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کو بھگاتے اور ایم کیو ایم کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بناتے نظر آئے۔ پریس کانفرنس کے آخر میں رابطہ کمیٹی نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ بحیثیت ایک منظّم جماعت کے ایم کیو ایم کا یہ ریکارڈ رہا ہے کہ وہ اپنے ہر اجتماع، ریلی یا جلسے کی باقاعدہ ویڈیو ریکارڈنگ کرتی ہے، 12 مئی کو بھی ریلی کے مقام پر ہمارے میڈیا سیل کے کارکنان ویڈیو بنارہے تھے جنہوں نے کچھ چیزیں ریکارڈ کیں ساتھ ہی شہر میں ہونے والی خونریزی کے بعد ایم کیو ایم نے عوام سے اپنی ویب سائٹ کے ذریعے اپیل کی کہ جس کے پاس جتنی بھی اور جیسی بھی ویڈیو موجود ہوں وہ ہمیں فراہم کرے بعدازاں سینکڑوں لوگوں کی جانب سے مختلف ویڈیو ریکارڈنگ ہمیں موصول ہوئیں جن میں حقائق بے شمار ہیں اور ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ آزاد انکوائری کمیشن اس ویڈیو میں بے نقاب ہونے والے سماج وعوام دشمن عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچائے۔

# ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن فیروز کمال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19رمئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن فیروز کمال کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب

الطاف حسین نے فیروز کمال مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان ذمہ داران آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فیروز کمال مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن فیروز کمال انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن فیروز کمال علالت کے باعث انتقال کر گئے۔ تفصیلات کے مطابق فیروز کمال ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کے مرض میں مبتلا تھے اور ایک ماہ سے AO کلنک میں زیر علاج تھے تاہم گزشتہ روز ان کی طبیعت اچانک ناساز ہوگئی اور وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہو سکے اور انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 60 سال تھی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیروز کمال کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کی رکن رفعت فرزانہ ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ وقار النساء، ایم کیو ایم ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن موسیٰ کے والد سومار خان اور ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر کے نگراں رکن یاور فیصل کے والد سید فیصل امام کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر طاہر کھوکھر نے 12 مئی کی ریلی میں فائرنگ کے واقعات میں شہید ہونے والے کارکن الطاف راجہ شہید کے لواحقین کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ایک لاکھ روپے کی امداد پیش کی

مظفر آباد۔۔۔19، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے 12 مئی کو ایم کیو ایم کی ریلی پر فائرنگ کے واقعات میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکن راجہ الطاف کی رہائش گاہ بھیڑی گاؤں جا کر انکے والد محترم نور اللہ خان کو قائد تحریک الطاف حسین کی طرف سے ایک لاکھ روپے کی امداد پیش کی۔ اس موقع پر شہید کے والد نے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میرا لخت جگر تو شہید ہو چکا ہے مگر متحدہ قومی موومنٹ کی ہمدردی اور بھرپور امداد پر میں اور میرے خاندان والے ان کے مشکور ہیں جنہوں نے میت کو کراچی سے کشمیر لانے میں ہماری بھرپور مدد کی اور تدفین کے بعد ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا تعزیتی پیغام ہم تک پہنچایا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر، ضلع مظفر آباد کے انچارج الطاف اعوان، سابق امیدوار اسمبلی ڈاکٹر ضیافت کاظمی، سہیل سعید اور دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔ طاہر کھوکھر نے شہید کارکن الطاف راجہ کے لواحقین کو یقین دلایا کہ حکومتِ سندھ کی طرف سے ان کو 3 لاکھ کی مزید امداد بھی جلد پہنچائی جائے گی۔

## ایم کیو ایم بلوچستان کے کارکن غلام عمر چانڈیو کے صاحبزادے 12 مئی کی ریلی کے دن بچھڑ گئے، ابھی تک لاپتہ ہیں منٹھار علی چانڈیو کے حوالے سے جس کسی کو اطلاع ملے وہ موبائل نمبر 0300-3404088 پر مطلع کریں

کراچی۔۔۔19، مئی 2007ء

12 مئی کے دن پرامن ریلی میں تبت سینٹر کے مقام سے ایم کیو ایم بلوچستان تحصیل اوستہ محمد فیض آباد بھیڑ کے کارکن غلام عمر چانڈیو کے صاحبزادے منٹھار علی چانڈیو اپنے اہل خانہ سے بچھڑ گئے ہیں اور ابھی تک لاپتہ ہیں۔ منٹھار علی چانڈیو کے بارے میں جس کسی کو بھی اطلاع ملے وہ تحصیل اوستہ محمد فیض آباد بلوچستان کے پتہ یا موبائل فون نمبر 0300-3404088 پر دیں۔ مٹھار علی چانڈیو کی عمر 16 سال، قد 5 فٹ، رنگت بھوری اور آنکھیں نیلے رنگ کی ہیں، گمشدگی کے وقت منٹھار علی چانڈیو ملائشین رنگ کے شلوار قمیض کے سوٹ میں ملبوس تھے اور صرف بلوچی زبان جانتے ہیں۔

☆☆☆☆☆